آج ملتان میں ثانیہ زہرہ کیس میں غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے پراسیکیوٹرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرحاد علی شاہ (تمغۂ امتیاز) اور ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل محمد ارشد علی فاروقی نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر امتیاز رسول چیمہ اور ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل عبدلاودود بھی موجود تھے۔

تقریب میں ملتان کے پراسیکیوٹوریل عملے کی بہترین تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور مقدمے کی مؤثر پیروی کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ مہمانانِ خصوصی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ثانیہ زہرہ کیس میں پراسیکیوٹرز نے جس سنجیدگی، دیانت داری اور محنت سے کام کیا، وہ پنجاب بھر کے لیے مثال ہے۔ اس موقع پر ثانیہ زہرہ کے والد نے بھی پراسیکیوٹرز کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ٹیم نے انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے بھرپور محنت کی، جس کے نتیجے میں کیس میں اہم پیش رفت ممکن ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پراسیکیوشن کی یہ لگن مظلوموں کو انصاف دلانے کی حقیقی تصویر پیش کرتی ہے۔ تقریب میں شرکا نے ملتان کی پراسیکیوشن ٹیم کے جذبے، عزم اور پیشہ ورانہ شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا آخر میں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے تعریفی اسناد اور شیلڈز تقسیم کیں اور ثانیہ زہرا کیس کے پراسیکیوٹرز کو آنریرم کا بھی اعلان کیا۔